Psychology - FA Part 2 Psychology Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Test

Q1. فرائڈ کے مطابق شخصیت کتنے حصوں پر مشتمل ہوتی ہے؟

Ans 1: فرائڈ کے مطابق شخصیت تین حصوں پر مشتمل ہوتی ہے.

Q2. کارل راجرز کے مشاورتی طریقہ کار کا دوسرانام کیا ہے؟

Ans 1: کارل راجرز کے مشاورتی طریقہ کار کا دوسرانام غیر ہدایتی مشاورت ہے.

Q3. تحلیل نفسی میں انا سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: انا کا وظیفہ لاذات اور فوق الانا کی خواہشات کو اعتدال پر لانا یہ لاذات کے بعد اور فوق الانا سے پہلے دوسرا نشونمائی نظام ہے ،جو فوق الانا اور ذات کو اپنی حدود سے باہر جانے سے روکتا ہے.اسے عام طور پر شخصیت کا ناظم کہا جاتا ہے.کیونکہ اس کا وظیفہ لاذات اور فوق الانا کی خواہشات کو قابو میں رکھنا اور انہیں زیر مشاہدہ لانا ہے.تاکہ فرد کی پسندانہ طریقوں کے ذریعے بیرونی دنیا کے ساتھ تعامل کرنے میں مدد سی جا سکے.انا اصول حقیقت کے ذریعے عمل کرتی ہے.

Q4. تحلیل نفسی میں لاذات سے کیامراد ہے؟

Ans 1: لاذات ،شخصیت کے حیاتیاتی پہلوؤں پر مشتمل ہوتی ہے،یہ پیدائشی غیر اخلاقی ،من موجی اور نا معقول ہوتی ہے،لاذات اصول لذت کے ذریعے کام کرتی ہے کیونکہ اس میں تناؤ برداشت کرنے کی اہلیت نہیں ہوتی. اگرچہ اس عمل سے سکون حاصل ہو جاتا ہے لیکن مستقل تسکین نہیں ملتی.

Q5. فرائڈ کے خیال میں شخصیت کونسے حصوں پر مشتمل ہوتی ہے؟

Ans 1: 1.لاذات 2.انا 3.فوق الانا

Q6. عقل اور جذباتی مشاورت میں مشیر کئی تکنیکیں استعمال کرتے ہیں،ان میں سے دو اہم کے نام لکھیے.

Ans 1: دواہم تکنیکوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں. 1.مناظرہ یا بحث 2.پڑھانا

Q7. البرٹ ایلس کے غیرعقلہ خیالات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: مشیر موکل کو غیر عقلی سوچ اور اس کی جذباتی شکل پانا ،خوشی کے درمیان تعلق کو واضح طور پر آگاہ کر دیتا ہے،وہ مزید بتاتا ہے کہ جب تک اس کی غیر عقلی سوچ برقرار رہے گی اس کے جذباتی پریشانی اور مسائل بھی برقرار رہیں گے.چنانچہ وہ اسے اس امر کی تعلیم دیتا ہے کہ وہ اپنے غیر عقلی خیالات کو عقلی خیالات میں بدل دے اور زیادہ عقلی طریقہ کار سےزندگی گزارنے کا ڈھنگ اختیار کرے، اگر وہ ایسا کرت تو وہ ناخوشی کے خطرات سے محفوظ رہے گا.

Q8. فرائڈ کون سا نظریہ پیش کیا؟

Ans 1: فرائڈ نے تحلیل نفنی کا نظریہ پیش کیا.

Q9. قرانی نظریہ رہنمائی کی وضاحت کریں.

Ans 1: قرآن کا ایک لفظ افراد کے لیے رہنمائی سے بھرا ہوا ہے جیسے کہ سورۃ حم السجدی کی آیت نمبر 33 میں رب فرماتا ہے. "اور اس شخص کی بات سے اچھی بات کس کی ہوگی جس نے اللہ کی طرف بلایا اور نیک عمل کیا اور کہا کہ میں مسلمان ہوں".

Q10. خواب کا پوشیدہ مواد کیا ہے؟

Ans 1: خواب کا پوشیدہ مواد وہ ہے کو ظاہری صورت میں سامنےتو نہیں آتا لیکن اس میں اصل معنی پوشیدہ ہوتے ہیں جن کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے مشیر ظاہری مواد کا تجزیہ کرتا ہے.